کښېږي ما ته دوه درې ځله ټیلی فون شوے دے چې ډی آئی جی انوسټی ګیشن د دې سړی ټرانسفر کړے دے، دا ټرانسفر رکاؤ کړه۔ زه د بلې حلقې نه راپاڅېدلے یم او ما ډی آئی جی انوسټی ګیشن ته درې ټیلی فونونه کړی دی چې که د دې سړی داسې جرم وی چې هغه قابل معافی وی نو زه تا نه معافی غواړم، دا سړے په دې ځائے پاتې کړه، په مونږ باندې پریشر دے۔ هغه ډی آئی جی انوسټی ګیشن ما ته دا اووئیل چې زمونږ ډیپارټمنټل معاملات دی او دے د دې ځائے نه زه چترال ته لیږم۔ زه ډیر په افسوس سره دا وایم چې مونږ له خلقو ووټ راکړے دے د قانون سازئ د پاره، مونږ له ئے ووټ راکړے دے د حلقې د ترقئ د پاره، مونږ دومره وزګار نه یو چې د خلقو ټرانسفرې کوؤ۔ دوئ د اول خپله تسلی وکړی، دوئ د اول ځان پوهه کړی، ما وختی اوکتل د ده سره د مسلم لیګ (ن) یو Delegation ناست وو، زه د دې ایوان یو ایم پی اے یم، عنایت الله صاحب ئے هم ایم پی اے دے او بهرام خان صاحب دے، دوئ زما نه دا تپوس ولې نه کوی چې تاسو دا سړے چهیړلے دے که بغیر (تالیاں) د تحقیق نه ته دا خبره کوې، لهذا زه دې خپل وررور ته دا وایم چې دا خپله خبره د واپس واخله او که دا مونږه کړی وی نو مونږ د هغې جوابده یو او که د انکوائرئ نه بغیر دا خبره کوې نو دا ګورے په دې اسمبلئ کښې غلط بیانی نه شی چلیدې۔

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین واک آؤٹ ختم کرکے ایوان میں واپس آگئے)

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> میں ویلکم کہتا ہوں حزب اختلاف کو، میں کہتا ہوں کہ ان کا تعاون جو ہے، وہ Appreciable ہے۔Thank you very much۔جی منور خان ایڈوکیٹ، پلیز۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ:</u> تھینک یو سر۔ سر، ہم نے ویسے یہ Decide کیا تھا اپوزیشن والوں نے کہ ہم فلاں فلاں ڈیپارٹمنٹ پہ اپنی اپنی کٹ موشنز موؤ کریں گے لیکن میری جی لاء منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ ہے کہ وہ بار بار گرین کتاب ہمیں نہ دکھائیں۔ایک دفعہ جب Decide ہو گیا کہ اب، ہماری طرف سے، جمعیت کی طرف سے مفتی جانان ہی بات کرے گا، پھر وہ بعد میں اٹھ کر آپ کو گرین بک دکھاتا ہے کہ یار، ایسا کرو اور ایسا کرو۔Kindly اس طرح کی ہمیں وہ نہ کریں اور ہم نے Decide کیا ہوا ہے کہ فلاں فلاں

ڈیپارٹمنٹ، ابھی آپ دیکھیں، ابھی 20 منٹ سے Interference کر رہے ہیں۔ ہمیں بعد میں فلور ملا ہے اور اس کے باوجود یہ کر رہا ہے، پھر تو ہمیں دوبارہ جانا پڑے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: سر! میری گزارش یہ ہے کہ ہمارا لیڈر آف دی ہاؤس یہاں پہ جناب پرویز خان خٹک صاحب ہیں اور ان کے جو احکامات ہیں یا جو ان کے Decisions ہیں، بطور کولیشن پارٹنر اور پارٹی کے سب پر بائنڈنگ ہیں۔ اس سائڈ سے سر، مسئلہ یہ ہے کہ ہم Negotiate کرتے ہیں کہ صرف چار ممبرز ہونگے اور پندرہ جو آپ کی کٹ موشنز، آپ کی ڈیمانڈز ہیں، وہ Identify ہو چکی ہیں، لسٹ ہم نے آپ کو دیدی ہے کہ اس پر چار بندے بولیں گے۔ سر، ایک ایک پارٹی سے جو لسٹ اس موشنز پہ ہے، وہ بارہ بندوں کی ہے، اس پر سر، لاء منسٹر کی حیثیت سے جو ٹائمنگ ہے، اس کا لحاظ رکھنا یا ہاؤس میں اس پہ بات کرنا میرے فرائض میں شامل ہے، ابھی اگر ہم نے ایک فارمولہ طے کیا ہے اور اس پر عملدرآمد نہیں ہوتا تو سر، یہ ہمیں حق حاصل ہے اور ہم اس پر احتجاج بھی کریں گے اور اگر ٹائم کے اندر یہ چیز فائنل نہیں ہوتی تو ہمیں وہ Rules apply کرنا پڑیں گے جن کے متعلق میں نے حوالہ دیا ہے۔ یہی میری گزارش ہے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی منور خان ایڈوکیٹ۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: اس قسم کے Threats دے رہے ہیں پھر تو ٹھیک ہے، پھر آپ بلڈوز کریں جس طرح آپ کی مرضی ہے، پھر ہمیں یہاں پہ بیٹھنے کی، اسلئے تو ہم یہاں ہال سے نکل گئے۔ اسی پر اپوزیشن نے Decide کیا ہے ان کیساتھ کہ ایک ہی بندہ بولے گا، تو جمعیت کی طرف سے بات، یہ مفتی جانان اپنی سپیچ کر رہا تھا تو بیچ میں یہ اٹھ گئے سر، تو میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں سر۔

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: آنریبل منسٹر، یوسف ایوب صاحب، آنریبل منسٹر۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: جناب سپیکر صاحب! میری گزارش ہے جی، تمام اپوزیشن کے بھائیوں سے کہ سردار صاحب اس پورے ہاؤس میں سب سے زیادہ Senior most Parliamentarian ہیں،

مرکز میں بھی رہے ہیں، صوبے میں بھی رہے ہیں، صوبے کے چیف منسٹر بھی رہے ہیں اور یہ اس ہاؤس کا اعزاز ہے کہ اتناSeasonedآدمی لیڈر آف دی اپوزیشن بھی ہے تو میرا خیال ہے، اگر سردار صاحب خود ایک Statement دیدیں۔ کوشش ہماری بھی اور آپ کی یہ ہے کہ اس سارے سلسلے کو آج وائنڈ اپ کریں، ایک اچھے طریقے سے ہو جائے تو بہت اچھی بات ہے جی، آپ کی مہربانی ہوگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر سردار مہتاب احمد خان۔

سردار مہتاب احمد خان (قائد حزب اختلاف): مسٹر سپیکر! میرے خیال میں ہمیں اس بات کا پورا احساس ہے کہ بجٹ کو پاس ہونا ہے اور کافی کٹ موشنز جو ہیں، وہ In process تھیں تو ہم نے خود ان کو تجویز کیا کہ ہم حکومت کیلئے مشکلات نہیں، ہم ان کی امداد کرنا چاہتے ہیں، We want to really support them in this issue کیونکہ بجٹ ہے اور یہ صوبے کا بجٹ جو ہے، وہ لازمی چیز ہے تو تھوڑا، ذرا دل اپنا بڑا کریں تھوڑا سا۔I will suggest you کہ حکومت کا دل بڑا ہوتا ہے، ہم نے اپنی غالباً کوئی Forty nine کے قریب جو ہے کٹ موشنز رہتی تھیں، ہم نے Fifteen کو سلیکٹ کیا ہے اور باقی سب Drop کر رہے ہیں، Drop کر رہے ہیں۔ ہم نے ہر ایک پارٹی کے ایک ایک ممبر کو کہا ہے کہ وہی بولیں گے، Time limit کیلئے I will suggest you کہ آپ Time limit رکھ لیں۔ بے شک four to five minutes will be sufficient لیکن I At the same time Law Minister, know, he is very excited اور نوجوان بھی ہیں اور We have a lot of hopes from him لیکن وہ Kindly ذرا تھوڑا سا Restrain کرلیں تو I think, we will start. Thank you very much.

(Applause)

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔ مسٹر محمد عصمت اللہ، پلیز۔

جناب محمد عصمت اللہ: زہ Withdraw کوم سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Withdraw شو۔ مولانا مفتی فضل غفور صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: جی، میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں فیصلے کے مطابق۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر محمد شیراز خان، پلیز۔ شیراز خان، موجود نہیں۔ نوابزادہ ولی محمد خان، پلیز۔

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر صاحب، مونږ خو چې په کومه محکمه باندې اعتراض کوؤ هغه خو د وزیراعلیٰ صاحب د ه خو د غه محکمه هم دا پولیس والا د د ه سره د ه۔ زما په علاقه کښې، چلو میں اپنی کٹ موشن Withdraw کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ نگہت یاسمین صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: میں جی جناب سپیکر صاحب، کیونکہ بات ہو چکی تھی اور میں پاکستان پیپلز پارٹی کی طرف سے اور چونکہ اپوزیشن لیڈر صاحب نے یہ ہدایات دی ہیں کہ ہر پارٹی سے ایک بندہ بولے گا تو جناب سپیکر صاحب، یہ محکمہ تو اتنا زیادہ ہمارے لئے Important محکمہ ہے، میں نے اس پر 20 کروڑ روپے کی کٹوتی کی۔ کٹوتی کا یہ مطالبہ کیا تھا کہ یہ میرا مطلب نہیں تھا کہ پولیس سے یہ پیسے جو ہیں تو وہ واپس، یعنی اس بجٹ سے واپس لینا چاہتی ہوں بلکہ اس پر بات کرنے کی میری وہ تھی تو اسی لئے میں نے اتنی کٹ موشن دی۔ جناب سپیکر صاحب، ہماری پولیس جو کہ دیہاتوں میں اور شہروں میں ہے، وہ Well equipped نہیں ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ان کے پاس کسی قسم کا ٹیلی فون سسٹم جو ہے، وہ ان کے پاس بالکل نہیں۔ اس کے علاوہ جناب سپیکر صاحب، پولیس ہماری صبح سے لیکر شام تک جو حفاظت کرتی ہے، باہر کھڑی ہوتی ہے، پیاس کے مارے وہ بالکل بے ہوش ہو جاتے ہیں جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، ایلیٹ فورس کیلئے میں یہ ایک تجویز دوں گی کہ جو دو دو سال کیلئے آپ لوگوں نے ان کو کنٹریکٹ پر 10 ہزار تنخواہ پہ بھرتی کیا ہے تو اگر انہی کو Permanent کر دیا جائے اور جو نئی بھرتیاں ہیں انہی پہ ایلیٹ فورس کو بھرتی کر دیا جائے تو ایک تو یہ ہے کہ ان کا تجربہ بھی ہو چکا ہے اور وہ پولیس محکمے کیلئے بہت زیادہ کارآمد ثابت ہو سکتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، پھر آج ایک اور بات ہوئی کہ آج پھر ہم پولیس پہ بات کر رہے ہیں اور پولیس کا ایک ایس ایچ او شہید ہو گیا لیکن کسی شخص نے ٹریژری بنچز کی طرف سے کسی قسم کی نہ اس کیلئے فاتحہ خوانی کی، نہ اس کا کوئی نام یہاں پہ لیا۔ جناب سپیکر صاحب، پولیس کیلئے صرف ایک شعر ہے کہ:

ؔ عمر بھر خشت زنی کرتے رہے اہل وطن — یہ الگ بات کہ دفنائیں گے اعزاز کیساتھ

تو جناب سپیکر صاحب، ایک دعا کرنے سے، ایک ان کو یاد کرنے سے، ایک یہاں پہ اگر ہم کوئی بات Mention کر لیتے ہیں کسی شہید کے بارے میں، چاہے وہ صوبے کا ہو، چاہے وہ پاکستان کا ہو تو جناب سپیکر صاحب، ان کے گھروں کے لوگوں کو یہ میسج پہنچ جاتا ہے کہ ہم جس ڈیوٹی پہ لگے ہوئے تھے اور ہم جن لوگوں کی حفاظت پہ لگے ہوئے تھے تو انہوں نے ہمیں اس اسمبلی میں یاد کیا۔ جناب سپیکر صاحب، بہت بے حسی میں دیکھ رہی ہوں یہاں پہ ٹریژری بنچز کی طرف سے کہ کوئی شخص، یعنی مجھے سمجھ نہیں آتی، یا تو مجھے بتا دیا جائے کہ لوگ اتنے زیادہ ڈر گئے ہیں دہشت گردوں کے ہاتھوں کہ یہ کسی دہشت گرد کا نام نہیں لینا چاہتے ہیں جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، یہاں پہ پولیس کی وردی کو اگر آپ دیکھیں، یہاں پہ ان کی Equipments دیکھیں، یہاں پہ ان کے پٹرول کی حالت کو دیکھیں، یہاں پہ ان کے ٹیلی فونز کی حالت کو دیکھیں، یہاں پہ ان کی تمام جتنی بھی سہولیات ہیں، ان کو دیکھیں تو ہمیں تو ترس آتا ہے۔ میرا اگر بچہ ہوتا تو میں تو اس کو کبھی نہیں کہونگی کہ وہ پولیس میں جائے حالانکہ یہ شہداء کا محکمہ ہے۔ جناب سپیکر صاحب، پولیس کیلئے جتنی زیادہ مراعات کی ضرورت ہے، ان کو ہمیں دینی چاہئیں اور یہاں پہ چونکہ چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں تو میں ان کے نالج میں اور ان کو میں ریکویسٹ کروں گی تمام ہاؤس کی طرف سے کہ یہاں پہ دیکھیں شہداء پیکج ہے جناب سپیکر صاحب، شہداء پیکج میں ان کے بچوں کو کسی بھی تعلیمی ادارے میں نہیں، ان کو کسی بھی انگلش میڈیم میں یا کسی بھی ادارے میں ان کو داخل نہیں کیا جاتا، تو شہداء پیکج بڑھایا جائے۔ جناب سپیکر صاحب، اس کے علاوہ ان کے بچوں کی تعلیم کیلئے، ان کے گھر کیلئے اور تھوڑی سی اگر ان کو سر چھپانے کیلئے، جس کا گھر نہ ہو، اگر ان کو سر چھپانے کیلئے جگہ دیدی جائے تو جناب سپیکر صاحب، لوگ جوق در جوق پولیس کی طرف آئیں گے اور پولیس میں شامل ہو کے ہمارے صوبے کی، ہمارے پاکستان کی اور ہمارے لوگوں کی حفاظت کریں گے۔ تو جناب سپیکر صاحب، یہی میری گزارشات تھیں اور کٹ موشنز پہ ہم لوگ اسلئے بولتے ہیں کہ ہم آپ کے نالج میں لانا چاہتے ہیں کہ ہمارے ذہنوں میں یہ تجاویز ہیں اور میں یہاں پہ یہ درخواست بھی کرونگی کہ آپ لوگوں کے دل بڑے ہونے چاہئیں اور میرا خیال ہے کہ یہاں پہ ہمارے منسٹرز صاحبان جو بیٹھے ہوئے ہیں، لاء منسٹر صاحب، سکندر شیر پاؤ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، سراج الحق صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، خود وزیر اعلیٰ صاحب اس ہاؤس کا حصہ رہ چکے ہیں تو یہاں

کے منسٹروں کے دل بڑے ہونے چاہیئں کیونکہ یہ گرین بک جو ہے، یہ اس وقت میرا خیال ہے کہ اتنی زیادہ لاء منسٹر صاحب نہیں نکالتے تھے کیونکہ اس وقت یہ اپوزیشن میں ہمارے ساتھ بیٹھے ہوتے تھے۔ اب جب ٹریژری بنچز کی طرف چلے گئے تو ہر بات پہ Rules and regulations جناب سپیکر صاحب، خودا نہی کے الفاظ جو اگر آپ دیکھ لیں اور سن لیں، تو یہ روایات کی اسمبلی بھی ہے، یہاں پہ تہذیب کی اسمبلی بھی ہے تو اس میں بھی سر، کچھ نہ کچھ گزارا کرنا پڑے گا۔ آپ کا بہت شکریہ اور میں کٹ موشن واپس لیتی ہوں۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تھینک یو۔ وجیہہ الزمان، پلیز۔

<u>جناب وجیہہ الزمان خان:</u> سپیکر صاحب! میں Withdraw کرتا ہوں سر۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> لاء منسٹر صاحب۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون):</u> سر! میں مشکور ہوں۔ یہاں پہ سر، محکمہ پولیس کے حوالے سے جو باتیں آئی ہیں، ایک تو سر، میرے خیال میں ہمارے میڈیا کے دوست جو ہیں، وہ بھی شاید اس تذبذب کا شکار ہونگے کہ اپوزیشن پولیس کی کارکردگی سے مطمئن ہے یا وہ اس سلسلے میں کوئی اپنی تجاویز رکھتی ہے۔ بعض بنچز نے ان پہ اعتراضات کئے ہیں، بعض یہ کہتے ہیں کہ آپ ان کے دکھوں کا مداوا نہیں کرتے۔ سر، میری گزارش یہ ہوگی کہ یہاں پہ چند ایسے ایشوز ہیں جو کہ کمیونٹی پولیس کے حوالے سے ہیں۔ کل بھی ان پہ سیر حاصل گفتگو ہوئی تھی، اگرچہ وہ ہوم ڈیپارٹمنٹ کا ایشو تھا لیکن اس وقت اس پہ بات ہوئی تھی اور میں نے جواب بھی دیا تھا کہ یہ کمیونٹی پولیس جس وقت لی گئی تھی، یہ کنٹریکٹ پہ لیے گئے تھے اور Mostly آرمی سے لیے گئے تھے۔ ان کی Age کے مسائل آرہے ہیں اور جہاں تک ریگولیشنز کی بات ہے تو شاید اس میں کچھ قانونی پیچیدگیاں ہیں۔ ان کی تجاویز کا ہم جائزہ لیں گے اور ان شاءاللہ اگر اس میں جتنا بھی ہو سکتا ہے، میں ان کو یہ تسلی کراتا ہوں کہ حکومت کا جو رویہ ہوگا، وہ Considerate ہوگا۔ اس کے علاوہ سر، ٹریننگ کے حوالے سے ایشوز آئے ہیں کہ ان کی ٹریننگ کیلئے خاطر خواہ پیسے نہیں ہیں، میری سر، اس میں

گزارش یہ ہے کہ جو موجودہ بجٹ ہے، اس میں تقریباً 20 ارب کے قریب ان کی تنخواہیں ہیں اور کچھ جو اخراجات جاریہ ہیں تو وہ تین ارب سے اوپر ہیں۔ ان کی جو ڈیمانڈز ہوتی ہیں، وہ محکمہ فنانس کے پاس آتی ہیں اور اگر اس میں کوئی Increase کرنا پڑے تو وہ محکمہ فنانس During the financial year کرتا ہے اور اگر ٹریننگ کے کوئی ایشوز ہونگے تو یقیناً حکومت کے وہ نوٹس میں ہونگے۔ ایف آئی آر آن لائن کے متعلق سر، بات کی گئی تو اس کے متعلق میں گزارش یہ کروں گا، یہ چونکہ بجٹ سپیچ کا حصہ ہے اور یہ جو نئی تجاویز ہیں، ان کا یقیناً جائزہ لیا جائے گا اور جو بھی بہتری ہوگی تو وہ یقیناً ہم اپوزیشن سے رابطہ کرینگے۔ اس کے علاوہ سر، میری یہ گزارش ہوگی کہ اپوزیشن کے جو ممبرز صاحبان ہیں، اپنے اعتراضات کے جوابات بھی سن لیں۔ جہاں تک یہاں پہ بار بار یہ بات کی جاتی ہے کہ حکومت دہشت گردی کے خلاف کھل کر بات کرے، اگر سر، چیخ چیخ کے بات کرنا کھل کر بات ہے تو شاید ہم ان کے مزاج پر پورا نہ آسکیں۔ جو پارٹی کا مؤقف ہے، وہ وقتاً فوقتاً اخبارات میں بھی آرہا ہے، وہ فلور آف دی ہاؤس بھی آرہا ہے لیکن میں یہ کہونگا کہ جس جنازے کا آج یہ کہہ رہی ہیں، سینیئر منسٹر صاحب سکندر خان شیر پاؤ اس میں گئے تھے اور انہوں نے وہ جنازہ بھی Attend کیا ہے اور اس کے علاوہ سر، یہاں پہ یہ ایشوز آتے ہیں پیکج کے حوالے سے تو اس میں سر جو محترمہ نے بات کی ہے، میری گزارش سر یہ ہوگی کہ جو سابقہ دور حکومت تھا، اس میں یہ کولیشن پارٹنر تھے، ہمیں سر، اگر یہ بتا دیا جائے کہ One percent war on terror کی جو رقم تھی، وہ جب Consolidated fund میں آگئی تو اس کا کتنا فیصد، جو War on terror کی مد میں ملا تھا، وہ شہداء تک گیا، سویلین تک گیا اور کتنا پیسہ گلیوں نالیوں اور دیگر تعمیراتی کاموں میں لگا؟ کیونکہ یہ وہ چیزیں ہیں، اگر فیڈرل گورنمنٹ نے آپ کو War on terror کے Against one percent دیا تھا تو ہونا یہ چاہیئے تھا کہ وہ War on terror پہ لگتا لیکن اس سے سر، گلیاں بھی بنیں، نالیاں بھی بنیں اور وہ دیگر مدات میں بھی خرچ ہوا اور یہ پچھلی گورنمنٹ نے کیا۔ تو میری سر، یہ گزارش ہوگی کہ جہاں تک رولز کا حوالہ ہے سر، کہا جاتا ہے کہ رولز کا حوالہ کیوں دیا جاتا ہے؟ میری سر، Again ان سے یہ گزارش ہوگی کہ سردار صاحب نے جیسے کہا کہ جب ایک Agreed formula ہے سر اور اس پہ ایک Consensus بن گئی تو مہربانی کرکے یہ بھی لیڈر آف دی اپوزیشن کے اس فیصلے کا احترام کریں اور ان شاءاللہ ہم اپنی طرف سے بھرپور

تعاون کرینگے۔ ہمارے لئے قابل احترام ہیں اور ان شاءاللہ ان کی تجاویز کا جائزہ لیں گے اور اس کیساتھ ہی میں گزارش کرونگا کہ اپنی کٹ موشنز واپس لے لیں۔ تھینک یو سر۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you ji. Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 10, therefore, the question before the House is that Demand No. 10 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

(Applause)

Mr. Deputy Speaker: The honourable Minister for Law, to please move his Demand No. 11.

وزیر قانون: سر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 2ارب 85 کروڑ 68 لاکھ 58 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014ء کو ختم ہونے سال کے دوران عدل وانصاف کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Deputy Speaker: The motion moved that a sum not exceeding Rs. 2 billion, 85 crore, 68 lac, 58 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2014, in respect of Administration of Justice.

Arbab Akbar Hayat Khan, to please move his cut motion on Demand No. 11. Arbab Akbar Hayat Khan.

ارباب اکبر حیات: د گیاره سو روپو کټ موشن پیش کوم۔

وزیر قانون: یہ انہوں نے Withdraw کی ہے سر۔

ارباب اکبر حیات: Withdraw ہے، بس ٹھیک ہے Withdraw کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔

ارباب اکبر حیات: وزیر قانون! مونږ خو ستا منو خو ته زمونږ نه مني۔

Mr. Deputy Speaker: Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 11, therefore, the question before the House is that Demand No. 11 may be granted?

Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have it. Demand is granted.

(Applause)

Mr. Deputy Speaker: Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, Special Assistant for Higher Education, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 12.

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 6ارب 5 کروڑ 50لاکھ 93ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران اعلیٰ تعلیم، دستاویزات اور کتب خانہ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Deputy Speaker: The motion moved that a sum not exceeding Rs. 6 billion, 5 crore. 50 lac and 93 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Higher Education, Archives and Libraries.

Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 12, therefore, the question before the House is-----

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر صاحب! په دې باندې به زمونږ د طرف نه عصمت الله مولانا صاحب خبرې کوی، صرف دوه درې منټه، بيا چې څنګه ستاسو خوښه وی هغسې وکړئ خو دوه درې منټه د دوئ خبرې وکړی۔

وزیر قانون: سر! یہ ڈیمانڈز میں ہمارے ساتھ Agree کیا گیا ہے کہ اس پہ Dropped ہیں۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: گزارش ہے کہ آپ لوگ جو ہیں۔ Thank you ji. Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 12, therefore, the question before the House is that Demand No. 12 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have it. Demand is granted.

(Applause)

Mr. Deputy Speaker: The honourable Minister for Health, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 13.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 22 ارب 80 کروڑ 70 لاکھ 5 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران صحت عامہ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Deputy Speaker: The Demand moved that a sum not exceeding Rs. 22 billion, 80 crore, 70 lac, 5 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Health.

Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 13, therefore, the question before the House is that the Demand may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

(Applause)

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: مجھے افسوس ہے کہ آپ، یہ دیکھیں جی، آپ لوگوں کی طرف سے لسٹ آئی ہے، اسی کے مطابق میں کارروائی کر رہا ہوں۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر صاحب! ہمیں ٹائم دیدیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Okay، ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، آپ کو ٹائم دیں گے ان شاءاللہ۔

The honourable Minister for C&W, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 14.

Mr. Yousaf Ayub Khan (Minister for C&W): Janab Speaker, I wish to move a motion that a sum not exceeding Rs. 2 billion, 26 crore, 13 lac, 41 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Establishment Charges of Communication and Works Department.

Mr. Deputy Speaker: The motion moved that a sum not exceeding Rs. 2 billion, 26 crore, 13 lac, 41 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Communication and Works. Arbab Akbar Hayat Khan, please.

ارباب اکبر حیات: ما Withdraw کړو۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم آمنہ سردار پلیز۔ میڈم رقیہ حنا۔ میڈم رومانہ جلیل۔ مسٹر زرین گل صاحب۔

جناب زرین گل: خبرې ډیرې دی خو Withdraw کوم جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر محمد رشاد خان۔

جناب محمد رشاد خان: میں Withdraw کرتا ہوں سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ سردار ظہور احمد، پلیز۔ سید جعفر شاہ، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: میں پانچ لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion moved that the total grant may be reduced by rupees five lac only. Sardar Aurangzeb.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! منسٹر صاحب میرا پڑوسی ہے، ان کا اور میرا حلقہ بالکل جڑے ہوئے ہیں تو میں اپنی کٹ موشن کی تحریک واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر شاہ حسین، پلیز۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر صاحب، د دې اسمبلۍ دا ماحول دومره خراب شوے دے کنه چې زه خپلې ټولې کټ موشنې Withdraw کوم۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر صالح محمد، پلیز۔

(مغرب کی اذان)

جناب ڈپٹی سپیکر: نماز کیلئے وقفہ، نماز کا وقفہ ہے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز مغرب کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر عسکر پرویز، پلیز۔

جناب عسکر پرویز: کس محکمے پر؟

جناب ڈپٹی سپیکر: ڈیمانڈ نمبر 14۔

جناب عسکر پرویز: میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر عبدالمنعم، پلیز۔

جناب عبدالمنعم: واپس اخلم۔

Mr. Deputy Speaker: Mr. Ghulam Muhammad, please. Not present, it lapses. Mr. Munawar Khan Advocate, please. Mr. Mehmood Jan, please.

جناب محمود جان: سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion moved that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mr. Muhammad Asmatullah, please.

جناب محمد عصمت اللہ: د سات روپو د کھوتئ تحریک پیش کوم۔

Mr. Deputy Speaker: The motion moved that the total grant may be reduced by rupees seven only. Mian Zia-ur-Rehman, please. Malik Riaz Khan, please. Mr. Muhammad Sheraz. Maulana Mufti Fazal Ghafoor. Mr. Mehmood Ahmad Khan, please. Mr. Samiullah, please. Nawabzada Wali Muhammad Khan, please. Ms. Nighat Yasmin Orakzai, please.

محترمہ نگہت اورکزئی: میں پچاس لاکھ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion moved that the total grant may be reduced by rupees fifty lac only. Mr. Qaimoos Khan, please. Mr. Wajeeh-uz-Zaman, please, Wajeeh-uz-Zaman Sahib.

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! واپس لیتا ہوں سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ مسٹر محمود جان، پلیز۔

جناب محمود جان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، ما خو کټ موشن په دغه پیش کړے دے خو خبرې زه په هیلتھ باندې کوم ځکه چې ما له موقع رانکړې شوه۔ (تالیاں) زمونږه هیلتھ منسټر صاحب خو نشته او هیلتھ منسټر صاحب نوے هم دے خو د هیلتھ ډیپارټمنټ چې کومې ناقص کارکردګۍ دی، په هغې خبرې کول غواړمه۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: دا د سی اینډ ډبلیو ډیپارټمنټ کټ موشن دے او تاسو په هیلتھ باندې خبره کوئ؟

جناب محمود جان: ما نه چا تپوس ونکړو جی، د خبرې موقع پکښې چا رانکړه، خبرې هم داسې ختمې شوې۔ صرف دا بنایم چې دا میډیسن صرف وګورئ جی چې دا زمونږه د هیلتھ ډیپاټمنټ، زمونږه بی ایچ یو ګانو کښې او په دغه ورکړے کیږی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Excuse me، هیلتھ والا خو درته ما اوویل چې هغه شوے دے، دا سی اینډ ډبلیو والا دے۔ تاسو څه۔۔۔۔

جناب محمود جان: بنه جی، بیا په پوائنټ آرډر باندې زه خبرې کول غواړمه جی۔ پوائنټ آف آرډر باندې جی۔ (تالیاں) په پوائنټ آف آرډر باندې خبره کوم جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سید جعفر شاہ صاحب، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب، سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے میرے کچھ تحفظات ہیں اور وہ ہیں کہ ایک تو میں نے کبھی بھی نہیں سنا، نہ دیکھا کہ اس محکمے نے اپنے اہداف مقررہ وقت میں حاصل کئے ہیں، فنانشل بھی اور فزیکل بھی، تو ہمیشہ اس کا فنڈ Lapse ہو جاتا ہے اور لوگوں کو بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اس میں ایک یہ ہے کہ اس محکمے میں ایک Monitoring regime ہونی چاہیئے تاکہ اس کی Proper monitoring کرے اور اس کی کوالٹی کنٹرول ہو۔ منسٹر صاحب اگر اس چیز کو نوٹ فرمائیں، سر! میں ایک اہم نکتے کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں اور اس سلسلے میں حکومت کی، کہ پچھلے سیلاب میں ملاکنڈ ڈویژن خاصکر سوات اور میرے حلقے کالام

میں تمام سڑکیں سیلاب میں بہہ گئی ہیں اور اس پہ ابھی تک، کچھ تو این ایچ اے کے پاس ہیں، تو میری منسٹر صاحب سے ریکویسٹ ہوگی کہ اپنا اثر و رسوخ استعمال کرکے فتح پور تا کالام سڑک کی تعمیر کو جلدی تکمیل تک پہنچائیں، اس پہ کام تو شروع ہے اور اس کیلئے 2.55 billion rupees کی Approval بھی ہو گئی ہے، اس پہ کام بھی جاری ہے لیکن رفتار بہت سست ہے۔ پچھلی گونمنٹ میں ہم نے کالام اور اوپر کے Areas میں کچھ کام شروع کیا تھا لیکن وہ ابھی ادھورا ہے، وہ سکیمیں مکمل نہیں ہوئی ہیں تو جو روڈز انہوں نے بجٹ میں رکھے ہوئے ہیں، ان علاقوں کیلئے خاصکر کالام ٹو اترو ڑ سڑک، ابھی ایک لاکھ سے زیادہ کی آبادی آج بھی اس سہولت سے محروم ہے اور پچھلے دنوں جو سیلاب، طغیانی آئی تھی دریائے سوات میں، اس وجہ سے کافی پل بھی بہہ چکے ہیں اور سڑک بھی بہہ چکی ہے تو اس ریکویسٹ کیساتھ کہ اگر منسٹر صاحب یہ یقین دہانی کرائیں کہ وہ اس چیز کو نوٹ فرمائیں گے، اس پہ ضروری کارروائی کرینگے تو میں اپنی کٹ موشن واپس لونگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم نگہت یوسفزئی صاحبہ، اور کزئی صاحبہ، 'سوری' ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سر! خدا کیلئے مجھے یوسفزئی نہ بنایئے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں نے Correction کرلی ہے۔ (قہقہہ)

محترمہ نگہت اورکزئی: جس کے دل میں، سر! میں اورکزئی ہوں سر۔ سر،۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سر، میں شوکت یوسفزئی صاحب کا کہہ رہی تھی کیونکہ مجھے اس کے نام کیساتھ کم از کم نتھی نہ کریں۔ میں اورکزئی ہوں اور اورکزئی ایک بہت بڑا Tribe ہے۔ یوسفزئی بھی Tribe ہے لیکن چلیں، ہاں شوکت۔ سر، میں نے ہیلتھ پہ بات کرنی تھی جو کہ مجھے نہیں پتہ کہ غلطی سے شاید آپ لوگوں نے ان کو ایک ریلیف دیدی ہے تو اس پہ تو میں کیا بات کروں؟ کیونکہ روڈز وغیرہ سارا کچھ جو ہے، وہ تو سارا KPK دیکھ رہا ہے کہ روڈز کی کیا حالت ہے اور روڈز کی تو از سر نو تعمیر کیلئے، آپ دیکھ لیں یہاں پہ، یہ جو رینگ روڈ ہے، اس کے علاوہ کینٹ، بلکہ یہاں سے جو یہ کوہاٹ روڈ ہے اور یہ جو سٹی کے روڈز ہیں جناب سپیکر صاحب، ان کی حالت آپ دیکھ رہے ہیں تو میں اس میں ظاہر ہے ان کو صرف نشاندہی کرسکتی ہوں اور اس کے بعد اپنی کٹ موشن واپس لیتی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ مسٹر محمد عصمت اللہ، پلیز۔

جناب محمد عصمت اللہ: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، وقت کی نزاکت کو سامنے رکھتے ہوئے میں صرف اتنا عرض کرونگا کہ سراج صاحب نے اپنی 'وائنڈ اپ' تقریر میں فرمایا تھا کہ اپوزیشن کو اپنا آئینہ سمجھتا ہوں، آئینہ توڑنے کی بجائے اپنا چہرہ صاف کرینگے اور پھر کہا تھا کہ تعلیم اور صحت میں مسلسل آپ لوگوں سے مشورہ کرینگے اور پھر انہوں نے کہا تھا کہ مرکز سے پیسے ملیں گے یا نہیں، یہ کوئی خیرات نہیں، یہ ہمارا حق ہے، لیکر رہیں گے، تو میری عرض یہ ہے ان کی تقریر کی روشنی میں کہ کیا یہ تعمیرات اور مواصلات میں بھی ہمارے ساتھ مشورہ ہوگا یا نہیں؟ کیا اس میں ہمارے ساتھ مشورہ کرنے کا تقاضا ہے یا نہیں؟ انصاف کا تقاضا ہے یا نہیں؟ اور ساتھ میں یہ بھی عرض کرونگا کہ جو امبریلا سکیمز ہیں، اس سلسلے میں کیا اس میں اپوزیشن کیلئے کچھ دینگے یا نہیں؟ جناب والا، اصل میں یہ بات ہم اسلئے کہتے ہیں کہ جو نئی سکیمیں یہاں رکھی گئی ہیں، اس میں چند مخصوص حلقوں کے علاوہ نہ کوئی روڈ کی سکیم ہے، نہ کوئی یونیورسٹی کی سکیم ہے، نہ محکمہ صحت میں کوئی سکیم ہے تو ہمیں ڈر ہے کہ یہ امبریلا بھی، اگر یہ اس کو انصاف اور اسی راستے پر جائیں گے تو جناب والا، میں تو اس سوچ پر مجبور ہوں کہ اگر ظلم کو، جبر کو، بندر بانٹ کو انصاف کہا جائے تو پھر ہم اس ظلم، جبر اور ناانصافی کا کیا نام رکھیں گے جناب والا؟ جناب والا، اپوزیشن کی طرف سے اتنا احتجاج، مطالبے کے باوجود ایم پی ایز کیلئے ایک معصوم سی سکیم جو اے ڈی پی میں زمانہ قدیم سے چلی آرہا ہے، اے ڈی پی پر اتنا بڑا بوجھ نہیں بن رہی ہے، وہاں پر کسی جگہ اگر 50 ہزار کی کوئی سکیم رکھنا ہوتی ہے، کوئی ایک لاکھ کی، اور جیسا کہ ہمارے ساتھی عبدالستار خان نے کہا کہ میں نے 50 لاکھ میں سات آٹھ کلومیٹر روڈ بنایا ہے، کیا اسی تعمیر وطن پروگرام میں، تعمیر سرحد و تعمیر خیبر پختونخوا میں اس پر ان کو کوئی انعام ملے گا؟ جناب والا، میں آپ کو بتاؤں کہ اسی تعمیر سرحد پروگرام میں ہم تین لاکھ 50 ہزار میں ایک پرائمری سکول بناتے تھے اور محکمے والے سات لاکھ میں سکول بناتے تھے، میں آپ کو پورے وثوق سے کہتا ہوں، لیکن یہ شفافیت کی بات کرتے ہیں، کیا اس اے ڈی پی بنانے میں شفافیت کو اور انصاف کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے کہ اس کیلئے شفافیت ان کو یاد آتی ہے؟ جناب والا، میں آپ کو پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ مجھے اقتدار میں بیٹھے ہوئے سارے لوگوں پر ترس آتا ہے، ان کی حالت قابل رحم ہے، یہ اتنے مجبور ہیں کہ جب تک کوئی باہر سے ان کیلئے

Decision نہ آجائے تو یہ اپوزیشن کے مطالبے پر 'ہاں' کرنے کیلئے اس اے ڈی پی میں کوئی چیز رکھنے کیلئے بیچارے تیار نہیں ہیں۔ اگر یہ معاملہ اس طرح ہے اور ہر ایک مشورہ وہاں لاہور سے لیا جاتا ہے تو جناب والا، یہ اپوزیشن والے بھی کوئی برا نہیں منائیں گے اور میں اس اسمبلی کے فلور سے جناب عمران خان صاحب کو ان میڈیا والوں کی وساطت سے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس اے ڈی پی کی کتاب میں انصاف کے نام پر جو ظلم ہوا ہے، جو بندر بانٹ ہوئی ہے، اس کی مثال تاریخ میں بھی نہیں ملتی ہے۔ (تالیاں) جناب والا، اگر عمران خان ان کی پارٹی کا سربراہ ہے تو ہمارا بھی قومی رہنما ہے تو ہم بھی ان کو مراجعت کریں گے، آخر مجبور ہو جائیں گے۔ جب انصاف کے راستے پر نہ آئیں تو یہ بھی کوئی برائی نہیں ہے کیونکہ پنجاب میں اگر ان ایم پی ایز کیلئے پانچ کروڑ رکھا جاتا ہے، بلوچستان کی پوری اے ڈی پی اگر، ممبران اسمبلی پر اعتماد کرتے ہوئے، ان پر مساوی تقسیم کی جاتی ہے تو یہاں پر اگر یہ کسی معصوم سی بات کا مطالبہ کرتے ہیں تو یہ اس ہاؤس کے معزز اراکین پر اگر یہ اتنا اعتماد نہیں کرتے ہیں (تالیاں) تو پھر کس پر اعتماد کیا جائے جناب سپیکر؟

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ۔

<u>جناب محمد عصمت اللہ</u>: اس کا مطلب یہ ہے کہ یہی بھی وہ اپنی بندر بانٹ میں ختم کریں، تو جناب والا، جیسا کہ مرکز سے خیرات نہیں مانگی جاتی ہے تو ہم بھی اپنا حق مانگتے ہیں، (تالیاں) ہم بھی اپنے حلقوں کا حق مانگتے ہیں، ہم بھی کوئی خیرات نہیں مانگتے ہیں۔ جناب سپیکر، اگر یہ اس قسم کی اے ڈی پی بنائیں اور پھر یہ جا کر مرکز سے کہیں کہ ہمیں فنڈ دیدیں، وہ بتائے کہ آپ ہمیں بتائیں کہ آپ اس فنڈ کو وہاں صوبے میں کس انصاف اور کس ترازو کی بنیاد پر تقسیم کرتے ہیں؟ (تالیاں) تو پھر ان کا کیا جواب ہوگا؟ جناب والا، خدا کیلئے، خدا کیلئے انصاف کے نام پر آئے ہیں، انصاف کرو، اس میں آپ کی بھی بھلائی ہے، اس قوم کی بھی بھلائی ہے، اس صوبے کی بھی بھلائی ہے، اس ملک کی بھی بھلائی ہے اور انہی معروضات کیساتھ میں اپنا کٹوتی کی تحریک واپس لیتا ہوں۔ آخِرُ الدَّعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

<u>Mr. Speaker</u>: The hon`able Minister for C&W, Khyber Pakhtunkhwa, please.

<u>وزیر مواصلات و تعمیرات</u>: سب سے پہلے تو میں تمام معزز اراکین کا جنہوں نے اپنی کٹ موشنز Withdraw کی ہیں، ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جی۔ جو ہمارے ساتھی بولے ہیں، میں کوشش کرتا

ہوں گو کہ یہ ڈیمانڈ جو تھی، ڈیمانڈ نمبر 14، وہ صرف Pay and allowances کی تھی، اس میں کوئی Developmental activity کا اس ڈیمانڈ میں ذکر نہیں تھا لیکن بہر حال جو آپ کے Apprehensions ہیں، میں کوشش کرتا ہوں کہ اس کو دور کرنے کی کوشش کروں۔ ایک نیا سٹارٹ ہے، چند دن ہوئے ہیں، ہم سب جتنے ادھر کابینہ کے لوگ ہیں، ہم نے اپنے اپنے Portfolio سنبھالے ہیں اور اس عزم کیساتھ کہ ڈیپارٹمنٹ میں جو بے قاعدگیاں ہیں، جو Irregularities ہیں یا جس طریقے سے ہم سارے کام چاہتے ہیں میں اور آپ، وہ اس طریقے سے نہیں ہو رہے ہیں، ان کو درست کیا جائے۔ تو مجھے آج بڑی خوشی ہے کہ اسی حوالے سے میں ادھر اناؤنس کروں کہ کافی سارے Policy decisions چیف منسٹر لیول پر ہوئے ہیں جس میں نہ صرف سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ بلکہ جتنے ڈیپارٹمنٹس ہیں اس صوبے کے، جس میں انجینئرنگ منسٹری آتی ہے، لوکل گورنمنٹ کی آتی ہے اور پبلک ہیلتھ کی آتی ہے، ایریگیشن کی آتی ہے، اس میں کافی ساری Changes ہوئی ہیں، To start with, the first change would be in the tendering process، سب سے بڑی شکایت ہوتی تھی کہ جی ٹینڈر فارم بعض اوقات یہ افسر ہر ٹھیکیدار کو نہیں دیتے اور اپنی مرضی کے لوگوں کو دیتے ہیں اور میں بڑی خوشی سے ادھر کہہ سکتا ہوں کہ گو کہ یہ پراسیس جولائی میں شروع ہونا تھا لیکن آج ہی ہمارا ایک ادارہ ہے 'فرنٹیئر ہائی ویز اتھارٹی' انہوں نے ابھی سے کمپیوٹر کے ذریعے جس دن وہ Ad(advertisement) دیں گے کسی روڈ کا، کسی بلڈنگ کا، چاہے وہ ایک لاکھ کا پراجیکٹ ہو یا ایک ارب روپے کا پراجیکٹ ہو، وہ کمپیوٹر میں آیا ہوگا اور کوئی ٹھیکیدار، اگر کوہستان میں کام ہو رہا ہے، ڈیرہ اسماعیل خان کا ٹھیکیدار بھی ٹینڈر فارم Download کر سکتا ہے اور اپنا ٹینڈر Through Courier servise بھیج سکتا ہے اور Bid کر سکتا ہے۔ (تالیاں) یہ Transparency بھی Create ہوگی اور ایک Competition کی فضاء بھی اس میں بنے گی۔ ساتھ ہی ساتھ حکومت نے یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ تمام پراجیکٹس، ہر پراجیکٹ کیلئے Consultants hire کئے جائیں گے اور ذمہ واری بھی ان Consultants کی ہوگی جیسے جعفر شاہ صاحب نے کہا ہے کہ Quality بھی اور Quantity بھی اور ایک اچھا معیاری کام Ensure کرانے کیلئے محکموں کیساتھ ساتھ Consultants بھی باقاعدہ طور پر کام کریں گے اور ان شاءاللہ ہم سب نے مل جل

کے ان اداروں کو بہتر کرنا ہے اور جو سب سے بڑی شکایت تھی، اخباروں میں بھی آتا تھا، اسمبلی میں بھی آتا تھا کہ جی ہر چیز پر کمیشن لیا جاتا ہے تو ہمارا ٹارگٹ یہ ہوگا کہ ان ڈیپارٹمنٹس کو Corruption free کیا جائے اور ان شاءاللہ وتعالیٰ کر کے رہیں گے۔ (تالیاں) مولانا صاحب! آپ نے امبریلا اے ڈی پی کی بات کی تو آپ محسوس نہ کریں لیکن امبریلا اے ڈی پی کا Concept آپ ہی کی حکومت 2002 میں اس صوبے کی تاریخ میں پہلی دفعہ شروع کیا گیا ہے، ہم بالکل یہ بیٹھے ہیں، یہ بھی آپ کے تھے اور آپ اکٹھے تھے۔ (تالیاں) چونکہ آپ ہم سے زیادہ ذہین ہیں، سمجھدار ہیں تو فی الحال ہم آپ کو ہی Follow کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور اس حکومت کی میں آپ کو ایک چھوٹی سی مثال بھی دیدوں۔ یہ ہمارے چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، یہ اس وقت ڈسٹرکٹ ناظم تھے، ان کے بھائی اسی اسمبلی کے ایک رکن تھے، پورے پانچ سال میں اس کو ایک روپیہ کبھی فنڈ نہیں ملا اس حکومت میں، ٹھیک ہے جی لیکن اس حکومت میں ایسا نہیں ہوگا۔ یہ کل بھی ایک Policy statement چیف منسٹر صاحب نے آن فلور آف دی ہاؤس دی ہے اور آج جو بات ہوئی تھی، آپ کے پارلیمنٹری لیڈرز کیساتھ بیٹھ کے یہ پھر ان شاءاللہ ایشورنس دیں گے کہ ہر ممبر کو برابری کیساتھ سلوک کیا جائے گا اور فنڈز ملیں گے اور امبریلا جو آپ اے ڈی پی کہتے ہیں، اس میں Impression ایسا آتا ہے کہ یہ صوبائی سکیم ہے اور پھر وہ شاید پشاور تک Confined رہے گی، یہ ایسی کوئی بات نہیں ہے، یہ پورے صوبے میں پھیلائی جائے گی اور ہر ممبر جس کا کوئی Genuine کام ہے، ظاہر ہے اس کو ملیں گے، اس کو روڈز بھی ملیں گے، باقی جو امبریلا سکیمز ہیں، وہ بھی ان شاءاللہ ضرور ملیں گی۔ جعفر شاہ صاحب! آپ نے کالام روڈ کی بات کی ہے، میرے پاس ادھر تو کوئی تفصیل نہیں ہے لیکن ان شاءاللہ میں اس کو ضرور دیکھونگا اور یہ آپ کیساتھ Consult کرونگا۔ میں اسی کیساتھ آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ جو ہم ریفارمز کر رہے ہیں، آپ بھی ہماری مدد کریں، اس میں کوئی Loopholes ہیں، آپ ضرور مشورہ دیں۔ مولانا صاحب نے کہا ہے کہ جی ہیلتھ میں بھی ہمارے سے مشورہ کریں گے، ایجوکیشن میں بھی مشورہ کریں گے، ان شاءاللہ سی اینڈ ڈبلیو میں بھی آپ سے مشورہ کریں گے بلکہ آج صبح آپ سے مشورہ ہم نے کیا تھا، دونوں کی آپس میں میٹنگ بھی ہوئی تھی اور جو طریقہ ہوتا ہے، کسی ایم پی اے کی کوئی شکایت ہوتی ہے، کوئی فنڈنگ کا مسئلہ ہوتا ہے، کوئی

Irregularities ہو رہی ہوتی ہیں تو ہم نے آپس میں مل کے اس کو کم کرنا ہے۔ (تالیاں) میں آخر میں گزارش کرونگا کہ اپنی کٹ موشنز آپ Withdraw کریں۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you ji. Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 14, therefore, the question before the House is that Demand No. 14 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹائم بہت مختصر ہے جی اور ایجنڈے پر بہت کام باقی ہے اور۔۔۔۔۔

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ میں بات کریں۔ جی پلیز۔

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر! میں نے پچھلے دنوں اپنی سپیچ میں کہا تھا کہ ڈائیلائسز مشینیں جو ہیں ایل آر ایچ میں، وہ مختلف بیماریاں پھیلانے کا باعث بن رہی ہیں اور اخبار میں فیچر بھی آیا تھا کہ اتنی ہلاکتیں ہو چکی ہیں۔ اس کے بارے میں ابھی تک حکومتی سطح پر نہ کوئی انکوائری ہوئی ہے اور میں نے یہ کہا تھا کہ اگر انکوائری ہوئی ہے تو وہ اس ایوان میں لائی جائے۔ U/Cs سطح پر بی ایچ یوز کو بنانے کی درخواست کی تھی اور آج کل جو ایشو چل رہا ہے ایڈہاک ڈاکٹرز کا اور ہمارے جو اضلاع ہیں، جو مطلب ہے میں اپنے شانگلہ کی بات کروں تو میرے ڈی ایچ کیو میں صرف چار ڈاکٹرز ہیں۔ ڈی ایچ کیو کی بات اپنی جگہ پر چھوڑیں، اگر ہم یہ درخواست کرتے ہیں کہ ایڈہاک ڈاکٹرز کو ریگولر کریں تو میرے خیال سے یہ اس لحاظ سے بہت ضروری ہے کہ وہاں پر ہمیں جو پریشانی ہوتی ہے آنے کیلئے، ہمارا قصور کیا ہے کہ ہم علاج کیلئے، چھوٹی سے چھوٹی بیماری کیلئے ہم پشاور آئیں گے، ہم ایبٹ آباد جائیں گے؟ ان کو کیوں ریگولر نہیں کیا جاتا؟ منسٹر صاحب ٹی وی ٹاک شو میں ڈیڑھ کروڑ روپے ایک ہسپتال کیلئے دے سکتے ہیں، شانگلہ ایک منسٹر صاحب کا ضلع ہے، شانگلہ منسٹر صاحب کا گھر ہے، وہاں یہ کیوں ہسپتالوں کیلئے، میں نے بجٹ کی کاپی دیکھی ہے، مجھے نظر نہیں آرہا کہ وہاں کیلئے کچھ دیا گیا ہو اور یہاں پر میں جو بات کر رہا ہوں جناب سپیکر، بہت ہی افسوس کی بات ہے، کرپشن کے

خلاف جہاد کے نام پر آنے والی حکومت، پرسوں میں نے منسٹر صاحب کے نوٹس میں لایا کہ شانگلہ میں ایک کرپٹ ترین ڈی ایچ او کو تعینات کیا جارہا ہے، پچھلی اسمبلی میں ہم نے باتیں کیں، اس کے خلاف جلوس نکالے اور اسے شانگلہ سے ہٹایا گیا، کرپشن کی انکوائریاں ہو رہی ہیں، پولیو کے کیسز کی انکوائریاں ہو رہی ہیں اور اسے شانگلہ بھیج دیا گیا۔ جناب سپیکر، کیا وجہ ہے کہ ہم منسٹر صاحب کو بتاتے ہیں کہ یہ کرپٹ شخص ہے، اس کو شانگلہ نہ بھیجیں اور منسٹر صاحب کہتے ہیں کہ نہیں؟ ہمیں بتایا گیا ہے، اب عمران خان کہہ رہے ہیں کہ آپ ٹرانسفر نہیں کریں گے تو پھر اس کو بھیجتے کیوں ہو ادھر شانگلہ؟ کیا شانگلہ میں ڈاکٹر انیس کے علاوہ کوئی اور ڈی ایچ او نہیں آسکتا؟ میری یہ استدعا ہے آپ سے، یہ تو ٹھیک ٹھاک کرپشن کیلئے وہ شانگلہ آیا ہے، کل سے مجھے لوگ فون کر رہے ہیں کہ ہم جلوسیں نکالیں گے، لوگ فون کر رہے ہیں کہ پریس کانفرس کریں گے، تو اس اسمبلی کے علاوہ، اس ایوان کے علاوہ ایسی کونسی جگہ ہے جہاں میں جاؤں اور اپنی فریاد سنا سکوں؟ میری بات ہوئی ہے، مجھے بتایا گیا کہ ٹھیک ہے آپ بے فکر رہیں، اسے نہیں بھیجا جائیگا اور آج اسے شانگلہ بھیجا گیا ہے۔ میری یہ درخواست ہے، مجھے اچھا نہیں لگتا، اگر اسے شانگلہ سے نہیں ہٹایا جاتا تو میں نہیں چاہتا، مجھے اس اسمبلی میں رہتے ہوئے گھن آتی ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو رشاد خان، تھینک یو۔

<u>جناب محمد رشاد خان</u>: جب تک اس کو شانگلہ سے۔۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker</u>: The honourable Minister for Health, please. The honourable Minister for Health, please.

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت)</u>: جناب سپیکر! یہ میرے خیال سے دیکھیں، یہ تو مناسب وقت نہیں تھا لیکن چونکہ آپ نے یہ اٹھایا ہے تو میں آپ کے نوٹس میں لاؤں کہ میں صرف شانگلہ کی بات نہیں کرونگا لیکن اگر کہیں پر بھی یہ کمی ہے تو یہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ غفلت ہوئی ہے، اگر کہیں ڈاکٹر نہیں ہے اور Specially جو دور دراز علاقے ہیں، یہ حق ہے ان لوگوں کا کہ ان کو یہ Facilities ملنی چاہئیں ان کی دہلیز پہ اور یہ میں وعدہ کرتا ہوں ان شاءاللہ تعالیٰ جو ساری عمر آپ لوگ منتخب ہو کے وہاں سے آئے ہیں، اگر آپ نے وہاں پر ڈاکٹرز نہیں دیئے ہیں اور ہسپتالوں میں Facilities نہیں دیں تو میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں دونگا ان شاءاللہ، (تالیاں) یہ ان لوگوں کا حق ہے۔ جہاں تک یہ ڈی ایچ او کی بات کی ہے، آپ

لوگ میرے پاس آئے ہیں اور ایک اور ایم پی اے صاحب بھی وہاں کے آئے ہیں، آپ نے مجھے کہا ہے کہ یہ ڈی ایچ او پہلے بھی رہا ہے، کرپٹ تھا، ابھی پھر آیا ہے۔ میں نے آپ سے کہا کہ میں اس کو واپس کرتا ہوں، اسلئے کہ مجھے نہیں پتہ، میرے علم میں لائے بغیر اگر ہوا ہے اور یہ ہوا ہے میرے علم میں لائے بغیر اور اس کی Reputation ٹھیک نہیں ہے تو یہ وہاں پر نہیں رہے گا ان شاءاللہ (تالیاں) اور یہ بھی میں یقین دلاتا ہوں کہ یہ نہیں کہ ماضی کی طرح ایک جگہ سے اٹھا کے دوسرے ہسپتال میں ڈال دیں، ان شاءاللہ تعالیٰ اگر یہ کرپٹ ہے تو کبھی بھی ڈی ایچ او نہیں بنے گا میرے دور میں۔

(تالیاں)

Mr. Deputy Speaker: Demand No. 15. The honourable Minister for C & W, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 15.

Minister for Communication & Works: Janab Speaker, I wish to move a motion that a sum not exceeding Rs. 2 billion, 66 crore, 47 lac, 2 thousand and 160 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of maintenance and repairs of buildings, roads, highways and bridges.

Mr. Deputy Speaker: The motion moved that a sum not exceeding Rs. 2 billion, 66 crore, 47 lac, 2 thousand and 160 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of maintenance and repairs of buildings, roads, highways and bridges.

Arbab Akbar Hayat Khan, to please move his cut motion on Demand No. 15.

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر صاحب! Withdraw کروں۔

(تالیاں)

Mr. Deputy Speaker: Madam Amna Sardar, please. Not present, it lapses. Mr. Abdul Sattar Khan, please.

جناب عبدالستار خان: سر! میں Withdraw کرتا ہوں_ لیکن ساتھ ایک گزارش بھی ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب عبدالستار خان: اور ساتھ یہ گزارش مختصر سی ہے، ہم سب کیلئے، باقی پھر اس پر بات ہو گئی تو یوسف بھائی نے کہا کہ یہ چونکہ اس سے متعلق ہے، اس سی اینڈ ڈبلیو سے متعلق دوسرا وہ ہے۔ سر، یہاں پر ذکر بھی ہوا، ایک چیز جو شیڈول آف ریٹس ہے، اس پر میں نے پچھلی بار بھی اسمبلی میں بات کی تھی، میرے سخت Reservations ہیں اس پر اور دوسرا روڈز میں جو Cost estimate وہ بناتے ہیں، ایک کلو میٹر روڈ کا، اس پر بھی جو میں نے تجربہ کیا ہے تو سر، منسٹر صاحب کو نوٹ کراتا ہوں کہ جب میں نے اپنے حلقے میں، میرے کوہستان میں پریس کلب نہیں تھا، بار روم نہیں بنا تھا، ان سے Estimates بنایا، انہوں نے مجھے 35،35 لاکھ کا Estimate دیا، 70 لاکھ میں بنانا تھا، اسی تعمیر خیبر پختونخوا پروگرام سے پانچ پانچ لاکھ روپے میں میری وہ دونوں بلڈنگز بن کر تیار ہو گئیں، یہ ایک بڑی مثال ہے۔ اسی طرح مولانا صاحب نے جو بات کی، 50 لاکھ روپے میں، یہ ریکارڈ کی بات ہے، میں سب کو چیلنج کرتا ہوں، چیک کریں جا کر سی اینڈ ڈبلیو والوں کو کہ 50 لاکھ روپے میں میں نے ناران سے سوپٹ روڈ بنایا ہے، سات کلو میٹر روڈ تو یہ آپ کیلئے بڑی Precedent ہے۔ ان چیزوں کو آپ Revise کریں، بے شک ہم اس کو کوئی وہ نہیں کرتے۔ میرا جو اندازہ ہے، میں نے جو پانچ سال اس میں کام کرائے ہیں، پل بنائے ہیں، ساتھ مائیکرو ہائیڈل مطلب ہے تعمیر کرائے ہیں مختلف اس پر، یہ جو بلڈنگز بنائی ہیں، پریس کلب وغیرہ، روڈز وغیرہ، اس میں Actual expenditure اس سے 10% کم ہے۔ یہ میرا دعویٰ بھی ہے اور اس کو بنیاد بنا کر آپ اپنی اصلاح کی کوشش کریں گے تو میرے خیال میں ہمارے صوبے کیلئے بہت بڑی مفید بات ہو گی۔ یہ گزارش تھی میری اور Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: Madam Ruqia Hina, please. Not present, it lapses. Mr. Muhammad Reshad Khan, please. Not present, it lapses. Sardar Zahoor Ahmad, please.

سردار ظہور احمد: Withdraw کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سید جعفر شاہ، پلیز۔

Mr. Jaffar Shah: Withdrawn.

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار اورنگزیب صاحب، پلیز۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! دا خو ډیر بنه سړے دے منسټر صاحب، (قہقہے/ تالیاں) زه خپل تحریک واپس اخلم جی۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر سلیم خان، پلیز۔

جناب سلیم خان: واپس لیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر صالح محمد، پلیز۔

جناب صالح محمد: جناب سپیکر صاحب! میں Withdraw کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم عظمیٰ خان، پلیز۔

محترمہ عظمیٰ خان: جناب سپیکر! میں واپس لیتی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مولانا مفتی فضل غفور، پلیز۔

مولانا مفتی فضل غفور: میں دوسو روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں جی۔

Mr. Deputy Speaker: The motion moved that the total grant may be reduced by rupees two hundred only. Mian Zia-ur-Rehman, please.

میاں ضیاءالرحمان: جناب سپیکر صاحب! میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر محمد شیراز، پلیز۔

جناب محمد شیراز: واپس لیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی؟

جناب محمد شیراز: واپس لیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار حسین بابک، پلیز۔

جناب سردار حسین: د ایک هزار روپو کټ موشن پیش کوم۔

Mr. Deputy Speaker: The motion moved that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Mr. Samiullah, please.

Mr. Samiullah: Withdrawn.

جناب ڈپٹی سپیکر: نوابزادہ ولی محمد خان، پلیز۔

Nawabzada Wali Muhammad Khan: Withdrawn.

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ۔

Ms.Nighat Orakzai: Withdrawn.

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر وجیہہ الزمان، پلیز۔

Mr. Wajeeh-uz-Zaman Khan: Withdrawn.

جناب ڈپٹی سپیکر: قیموس خان، پلیز۔

جناب قیموس خان: زه دا خپل موشن واپس اخلم خو وزير صاحب ته مې دا گزارش دے چې کال په کال د مرمت په نوم باندې کومې پيسې سړکونو ته راځی، کومو آبادو ته، هغه سړک په هفته کښې بيا ختم وی۔ پکار ده چې د دې د پاره داسې يو پروگرام جوړ کړی چې کم از کم د دې انکوائری کیږی چې آيا دې ټهيکيدار دا سړک مرمت کړو چې دا به مياشت چليږی او که نه به چليږی؟ صرف دا گزارش زما دے، زه خپل دغه واپس اخلم جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر عسکر پرویز، پلیز۔

جناب عسکر پرویز: سر! میں Withdraw کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر غلام محمد، پلیز۔

جناب غلام محمد: میں واپس لیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی سید جانان، پلیز۔

مفتی سید جانان: زه جی د تيس لاکھ روپئ کټوتئ تحريک پيش کوم۔

Mr. Deputy Speaker: The motion moved that the total grant may be reduced by rupees thirty lac only. Mr. Muhammad Asmatullah, please.

جناب محمد عصمت اللہ: میں Withdraw کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی فضل غفور صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه، جناب سپیکر۔ د روډونو، د پلونو او د غټو شاهراهو د تعميراتو د Repair، د مرمت په دغه محکمه کښې زما د خپل آنريبل منسټر

صاحب نه دا درخواست دے چې بونیر کښې کوم روډونه جوړیږی، دا د عام استعمال د پاره، په هغې باندې ډیر درانه د ګټو ماربلو والا ټرکونه خپل چال چلن کوی چې د هغې د وجې نه هغه روډونه ټول تباه و برباد شوی دی۔ زما ریکویسټ به دا وی چې د ډګر نه واخله تر کړاکړ پورې چې کوم روډ دے، د دې Repair د هم د انصاف په دې کتاب کښې وردننه کړی او زه د دې تجویز سره سره خپل کټ موشن واپس اخلم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ مفتی سید جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! چې کله زما وخت پوره کیږی، ته به ما ته اووائې چې ستا وخت پوره دے، زه به جی کښینم، زه به د ستا د حکم پابند یم۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ډیره شکریه۔

مفتی سید جانان: او که دلته نه ملګری وائی کله کله د سړی هغه جذبه مجروحه شی، تاسو به مونږ ته وایئ چې کښینه، مونږ به خامخا کښینو، تاسو زمونږه مشر یئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی صاحب! دوه منټو کښې کوشش وکړئ چې وائنډ اپ کړئ۔

(قہقہہ)

مفتی سید جانان: دوه منټه کښې به جی، بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ زه جی دا ګزارش کوم چې دا محکمه خاصکر دغې محکمې چې د ټنل هغې اړخ خلقو سره کوم ظلم کړے دے کنه، زه خو دا وایم چې زه که نورې خبرې نه کوم، صرف دا یوه خبره به اوکړم چې دا کټ موشن زه د ووټنګ د پاره پیش کوم چې راتلونکی وخت کښې بیا خلق دا جنوبی اضلاع لږ یادوی، هغه ځکه چې که چرته هم روډ دے، که چرته هم سکول دے، که چرته هم څه شے دے، زمونږ هغه خلق محرومه دی او بله خبره به جناب سپیکر صاحب، ما نه خبره اوږدیږی خو زه به صرف تاسو ته د اخبار د دغې محکمې یو وړه غوندې حواله درکوم۔ دا 'مشرق' اخبار دے جمعة المبارک 27 رجب 07 جون جی چې "اڑھائی ارب روپے کی خطیر رقم سے 122 کی بجائے صرف 27 سکول تعمیر۔ دہشت گردی سے متاثرہ 122 سکولوں میں سوات کے 84، بونیر کے 13، دیر لوئر

